روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

چہرے بگڑ جائیں

آنحضرت ﷺ نے جنگ بدر کے دوران ریت اور کنکر کی ایک مٹھی بھری اسے کفار کی طرف پھینکا اور فرمایا **شاھت الوجوہ** دشمنوں کے منہ بگڑ جائیں۔ چنانچہ یہ ریت شدید آندھی میں ڈھل گئی اور دشمن کو نامراد کر دیا۔

(سیرت ابن ہشام جلد نمبر1 ص 628 باب رمی الرسول)

جمعرات 24 نومبر 2005ء 21 شوال 1426 ہجری 24 نبوت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 262

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ بڑی بے انصافی اور سخت تاریکی کے نیچے دبا ہوا خیال ہے کہ اس فیض سے انکار کیا جائے جو محض دعا کی نالی کے ذریعہ سے آتا ہے۔ اور ان پاک نبیوں کی تعلیم کو بنظر استخفاف دیکھا جائے جس کا عملی طور پر نمونہ ان ہی کے زمانہ میں کھل گیا ہے۔ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ ان مقدسوں کی بددعا سے ہمیشہ وہ سرکش اور نافرمان ذلیل اور ہلاک ہوتے رہے ہیں جنہوں نے ان کا مقابلہ کیا۔ حضرت نوح علیہ السلام کی بددعا کا اثر دیکھو جس کے جوش سے پہاڑ بھی پانی کے نیچے آ گئے تھے اور کروڑ ہا انسان ایک دم میں دار الفناء میں پہنچ گئے۔ پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بددعا پر غور کرو جس نے فرعون کو اس کے تمام لشکروں کے ساتھ ہلاک کیا۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بددعا کی قوت اور اثر کو سوچو جس کے ذریعہ سے یہودیوں کا استیصال رومی سلطنت کے ہاتھ سے ہوا۔ پھر ہمارے سید و مولیٰ کی بددعا میں ذرا فکر کرو کہ کیونکر اس بددعا کے بعد شریر ظالموں کا انجام ہوا۔

اب کیا یہ تسلی بخش ثبوت نہیں ہے کہ قدیم سے خدا تعالیٰ کا ایک روحانی قانون قدرت ہے کہ دعا پر حضرت احدیت کی توجہ جوش مارتی ہے اور سکینت اور اطمینان اور حقیقی خوشحالی ملتی ہے اگر ہم ایک مقصد کی طلب میں غلطی پر نہ ہوں تو وہی مقصد مل جاتا ہے اور اگر ہم اس خطا کار بچہ کی طرح جو اپنی ماں سے سانپ یا آگ کا ٹکڑہ مانگتا ہے اپنی دعا اور سوال میں غلطی پر ہوں تو خدا تعالیٰ وہ چیز جو ہمارے لئے بہتر ہو عطا کرتا ہے اور بایں ہمہ دونوں صورتوں میں ہمارے ایمان کو بھی ترقی دیتا ہے کیونکہ ہم دعا کے ذریعہ سے پیش از وقت خدا تعالیٰ سے علم پاتے ہیں اور ایسا یقین بڑھتا ہے کہ گویا ہم اپنے خدا کو دیکھ لیتے ہیں اور دعا اور استجابت میں ایک رشتہ ہے کہ ابتداء سے اور جب سے کہ انسان پیدا ہوا برابر چلا آتا ہے۔ جب خدا تعالیٰ کا ارادہ کسی بات کے کرنے کے لئے توجہ فرماتا ہے تو سنت اللہ یہ ہے کہ اس کا کوئی مخلص بندہ اضطرار اور کرب اور قلق کے ساتھ دعا کرنے میں مشغول ہو جاتا ہے اور اپنی تمام ہمت اور تمام توجہ اس امر کے ہو جانے کے لئے مصروف کرتا ہے۔ تب اس مرد فانی کی دعائیں فیوض الٰہی کو آسمان سے کھینچتی ہیں اور خدا تعالیٰ ایسے نئے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن سے کام بن جائے۔ یہ دعا اگرچہ بعالم ظاہر انسان کے ہاتھوں سے ہوتی ہے مگر درحقیقت وہ انسان خدا میں فانی ہوتا ہے اور دعا کرنے کے وقت میں حضرت احدیت و جلال میں ایسا فنا کے قدم سے آتا ہے کہ اس وقت وہ ہاتھ اس کا ہاتھ نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے۔ یہی دعا ہے جس سے خدا پہچانا جاتا ہے۔ اور اس ذوالجلال کی ہستی کا پتہ لگتا ہے جو ہزاروں پردوں میں مخفی ہے۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 238)

صدر انجمن احمدیہ میں محررین درجہ دوم کی ضرورت

دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں محررین درجہ دوم کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے۔ صرف ایسے مخلص احمدی نوجوان درخواستیں بھجوائیں جو دینی کاموں سے شغف اور خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور محنت سے کام کرنا چاہتے ہوں اور مستقل طور پر حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ میں کام کرنے کے خواہشمند ہوں۔

تعلیمی قابلیت: ایف اے، ایف ایس سی، بی اے، بی ایس سی (کم از کم 45% نمبر) کمپیوٹر جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ درخواست دینے کیلئے عمر کی حد 18 تا 25 سال ہے۔

دو دفعہ امتحان کمیشن میں فیل شدہ امیدوار درخواست دینے کا اہل نہیں ہے۔

مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار اپنی درخواستیں، تعلیمی قابلیت کی مصدقہ نقول صدر صاحب جماعت کی تصدیق اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ مورخہ 31 دسمبر 2005ء تک دفتر نظارت دیوان صدر انجمن احمدیہ میں بھجوا دیں۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔

نصاب درج ذیل ہے۔

الف۔ قرآن مجیدہ ناظرہ مکمل، پہلا پارہ ترجمہ، چالیس جواہر پارے، ارکان اسلام، نماز باترجمہ مکمل

ب۔ کشتی نوح، برکات الدعا، عام دینی معلومات درثمین (نظم شان اسلام) مضمون بابت عقائد جماعت احمدیہ۔

ج۔ انگریزی، حساب (معیار بمطابق میٹرک) عام معلومات

نوٹ:۔ 1۔ امیدوار کا خوشخط ہونا ضروری ہوگا۔

2۔ ہر جزو میں کامیاب ہونا لازمی ہے۔ کامیاب ہونے کیلئے 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہونگے۔

(ناظر دیوان۔ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

مشعل راہ

نیک اور سلامتی والی مجلس اختیار کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

اگر انسانیت کی ہمدردی ہے تو یہ کوشش ضرور کرنی چاہئے کہ ان لوگوں کو بھی ان چیزوں سے بچانے کے لئے صحت مند کھیلوں کی طرف لائیں۔ لیکن ان سے متاثر ہونے کی ضرورت نہیں۔ جن دو مجالس کا میں نے ذکر کیا، آنحضرت ﷺ نے ہماری رہنمائی فرمائی ہے کہ کس قسم کی مجالس ہیں جن میں ہمیں بیٹھنا چاہئے۔ اور مجالس کے حقوق کیا ہیں اور آداب کیا ہیں۔

ایک روایت میں آتا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجالس تین قسم کی ہوتی ہیں۔ سلامتی والی، غنیمت والی یعنی زائد فائدہ دینے والی اور ہلاک کرنے دینے والی مجالس۔

(مسند احمد باقی مسند المکثرین مسند ابی سعید الخدری)

تو جیسا کہ پہلے بھی ذکر گزر چکا ہے کہ ایسی مجلسوں سے ہمیشہ بچنا چاہئے جو دین سے دور لے جانے والی ہوں، جو صرف کھیل کود میں مبتلا کرنے والی ہوں۔ ایسی مجلسیں جو اللہ تعالیٰ سے دُور لے جانے والی مجلسیں ہیں وہ یہی نہیں کہ صرف اللہ تعالیٰ سے دور لے جاتی ہیں بلکہ بعض دفعہ مکمل طور پر، بعض دفعہ کیا یقینی طور پر انسان کی ہلاکت کا سامان پیدا کر دیتی ہیں۔ اس لئے ہمیشہ ایسی مجالس کی تلاش رہنی چاہئے جہاں سے امن وسکون اور سلامتی ملتی ہو۔

تو سلامتی والی مجالس کیسی ہیں۔ اس بارے میں ایک روایت ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کسی نے حضور ﷺ سے پوچھا کہ ہم نشیں کیسے ہوں۔ کن لوگوں کی مجالس میں ہم بیٹھیں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا (۔) یعنی ان لوگوں کی مجلس میں بیٹھو جن کو دیکھ کر تمہیں خدا یاد آئے اور جن کی گفتگو سے تمہارا دینی علم بڑھے اور جن کا عمل تمہیں آخرت کی یاد دلائے۔ (ترغیب)

تو ایسی مجالس سے ہی سلامتی ملتی ہے جہاں ایسے لوگ ہوں جہاں خدا کا ذکر ہو رہا ہو، اس کے دین کی عظمت کی باتیں ہو رہی ہوں۔ ایسے مسائل پیش کئے جا رہے ہوں اور ایسی دلیلیں دی جا رہی ہوں جن سے انسان کا اپنا دینی علم بھی بڑھے اور دعوت الی اللہ کے لئے دلائل بھی میسر آئیں۔ اور قرآن کریم کا عرفان بھی حاصل ہو رہا ہو۔ اور ایسی باتیں ہوں جن سے صرف اس دنیا کی چکا چوند ہی نہ دکھائی دے بلکہ یہ بھی ذہن میں رہے کہ اس دنیا کو چھوڑ کر بھی جانا ہے۔ اس لئے ایسے عمل ہونے چاہئیں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہوں۔

پھر ایک روایت میں آتا ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی قوم مسجد میں کتاب اللہ کی تلاوت اور باہم درس و تدریس کے لئے بیٹھی ہو تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے۔ رحمت باری ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے ان کو اپنے جلو میں لے لیتے ہیں۔

(سنن الترمذی کتاب القراءات باب ماجاء ان القرآن انزل علی سبعۃ احرف)

تو ایسی نیک مجالس ہیں جو سلامتی کی مجلسیں ہیں۔ ان میں عام گھریلو مجالس، اجتماعات، اور جلسے بھی ہو سکتے ہیں۔ جماعت احمدیہ خوش قسمت ہے کہ اس میں ایک ہاتھ پر اکٹھا ہونے کی وجہ سے اس قسم کے مواقع میسر آتے رہتے ہیں۔ اب انشاء اللہ تعالیٰ یہاں کا جلسہ بھی آنے والا ہے اس سے بھی بھرپور فائدہ اٹھانا چاہئے تا کہ ہر طرف سے اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور رحمتوں کی بارش ہم پر پڑتی رہے۔

(الفضل یکم فروری 2005ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم عبدالرشید ساٹری صاحب کراچی تحریر کرتے ہیں کہ مورخہ 4 اکتوبر 2005ء کو خاکسار کی ہمشیرہ محترمہ صفیہ بیگم صاحبہ بنت مکرم مولانا محمد صادق صاحب ساٹری رئیس المربیان انڈونیشیا، سنگاپور، ملیشیا مختصر علالت کے بعد 75 سال کی عمر میں کنری سندھ میں وفات پاگئی ہیں مرحومہ مکرم عبدالغفور بھٹی صاحب کی اہلیہ تھیں۔ جنازہ ربوہ لایا گیا۔ بیت المبارک میں جنازہ محترم ناظر صاحب اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھا اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر محترم مولانا رفیق احمد جاوید صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ قریباً چالیس سال سے بطور صدر لجنہ اماء اللہ مقامی و ضلعی سطح پر خدمات بجالاتی رہیں۔ دعا کی مودبانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

مکرم ملک محمد امجد صاحب ولد مکرم ملک محمد اشرف صاحب سلطان کالونی سرگودھا تحریر کرتے ہیں کہ میری والدہ 19 اکتوبر 2005ء کو بقضائے الٰہی وفات پاگئیں۔ آپ مکرم ملک شیر بہادر خاں صاحب سابق صدر جماعت خوشاب کی بیٹی تھیں۔ آپ کی نماز جنازہ مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھائی۔ آپ موصیہ تھیں۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کروائی۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

نکاح

مکرم محمود احمد صاحب ناصر دارالذکر لاہور تحریر کرتے ہیں میرے بھائی مکرم عرفان احمد ناصر صاحب ابن مکرم عبدالمالک صاحب مرحوم دارالذکر لاہور کا نکاح مکرمہ طیبہ اسلام صاحبہ بنت مکرم عبدالمجید صاحب دارالعلوم شرقی نور ربوہ سے مبلغ پچاس ہزار روپے حق مہر پر مورخہ 18 نومبر 2005ء کو مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب نے بیت المبارک ربوہ میں بعد از نماز عصر پڑھایا۔ مکرم عرفان احمد ناصر صاحب مکرم دین محمد صاحب آف باٹھاں والا (بدوملہی) کے پوتے اور مکرمہ طیبہ اسلام صاحبہ مکرم عبدالرحمٰن صاحب کی پوتی ہیں۔ دولہا دلہن مکرم چوہدری عبدالحق صاحب مرحوم ربوہ کے نواسہ نواسی ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کے لئے خیر و برکت کا موجب بنائے۔

ولادت

مکرم نسیم احمد شمس صاحب مربی سلسلہ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے خاکسار کی بھانجی مکرمہ شاہانہ انجم صاحبہ اہلیہ مکرم نوید احمد طاہر صاحب کو مورخہ 10 نومبر 2005ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچے کا نام فرید احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولود تحریک وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ اور مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب فیصل آباد کا نواسہ اور مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب شاہ رکن عالم کالونی ملتان کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک خادم دین، باعمر اور نافع الناس وجود بنائے نیز والدین کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔

مکرم لقمان احمد شاد صاحب مدرسۃ الظفر وقف جدید تحریر کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے خاکسار کو 3 نومبر 2005ء کو بچی سے نوازا ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت مدیحہ شاد عطا فرمایا ہے۔ بچی وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے اور مکرم عبدالعزیز صاحب امریکہ کی پوتی جبکہ مکرم مستری نذیر احمد صاحب ولد مکرم مستری عبدالغفور صاحب درویش قادیان کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ بچی کو صحت و تندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے اور اسے دین کی خادمہ بنائے۔ نیز خدا تعالیٰ میری اہلیہ کو آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے بچائے۔

مکرم رشید احمد طارق صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم ناصر احمد محمود صاحب مربی سلسلہ بینن کو اللہ تعالیٰ نے دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضور انور ایدہ اللہ نے ازراہ شفقت عامر احمد نور عطا فرمایا ہے بچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وقف نو میں شامل ہے۔ اور مکرم مجید احمد صاحب کارکن دفتر وصیت کا نواسہ ہے۔ احباب کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ مولا کریم بچے کو نیک خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

علان داخلہ

یونیورسٹی آف دی پنجاب ڈیپارٹمنٹ آف مائیکالوجی اینڈ پلانٹ پیتھالوجی نے ایم ایس سی (آنرز) اِن مائیکالوجی اینڈ پلانٹ پیتھالوجی میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ یہ ایوننگ پروگرام ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 25 نومبر 2005ء ہے۔ مزید معلومات کے لئے فون نمبر (042-9231846) پر ربطہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

چوہدری بدرالدین عامل بھٹہ صاحب۔ درویش قادیان

نظام وصیت اور درویشان قادیان

16 نومبر 1947ء کو قادیان سے ہجرت کر کے جانے والوں کا آخری قافلہ نکل گیا اور اپنے سروں کا نقد نذرانہ لئے ہوئے 313 افراد مسیح موعود کے آستانہ پر الدار میں مقیم ہوئے اور ہر ایک کو پیش آمدہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ یقین تھا کہ ہمیں جام شہادت نوش کرنا ہے اور ہر ایک اپنے پورے عزم کے ساتھ اس مقدس عہد وفا کو پورا کر گزرنے کے لئے تیار بر تیار تھا لازمی طور پر یہ امر ہر ایک جانتا تھا کہ جب ہم نے حضرت اقدس مسیح موعود کے الدار کو آباد رکھنے کی قسم کھائی ہے تو کیا ہم مر کر اس عہد سے الگ ہو جائیں گے کہ ہمارا آقا جس مقدس قبرستان میں محو خواب ہے ہم مر کسی اور قبرستان کو آباد کرنے والے ہوں۔ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ اس خیال کے آتے ہی یہ سوال سامنے آیا کہ درویشان کو فوراً وصیت کرنی چاہئے۔

جو درویش قادیان میں قیام پذیر ہوئے تھے ان میں غالب اکثریت نوجوانوں کی تھی۔ اور جب وصیت کے نظام سے منسلک افراد کا جائزہ لیا گیا تو 26,25 افراد ہی موصی تھے۔ باقی تمام افراد کی وصیت ہونا باقی تھی۔ لہٰذا درویشان میں تحریک کی گئی اور چند یوم میں ہی سب درویش نظام وصیت میں پروئے گئے۔ ان وصایا کا معائنہ کیا جائے تو نظر آئے گا کہ درویش وصیت کر رہا ہے جس کی نہ کوئی زرعی زمین ہے اور نہ کوئی مکان اور نہ کوئی نقد اثاثہ۔ کل آمد -/5 روپے ماہوار جو صدر انجمن احمدیہ کی طرف سے متفرق اخراجات حجامت، صابن اور اسی قسم کی معمولی ضروریات کے لئے دیئے جاتے تھے اور یہ ناکافی ہوتے تھے۔ پھر بھی اس میں سے گنجائش نکال کر آٹھ آنہ ماہوار (نصف روپیہ) چندہ حصہ آمد ادا کرتے ہوئے وصایا کی گئیں اور ہر ایک نے پورے ذوق و شوق سے وصیت کی۔

یہ خدا تعالیٰ کا فضل و احسان تھا کہ بروقت یہ بات سوجھ گئی اور وقت پر اس پر عمل بھی کر لیا گیا اور اس قدر جلدی اس تحریک پر عمل ہونے کا ایک باعث یہ تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی بھائی کا وقت مقدر آن دستک دے اور وہ وصیت کے نظام سے باہر ہو۔ 1948ء کے ماہ اپریل میں ہی یہ خدشہ درست ثابت ہوا جبکہ ہمارے ایک درویش بھائی مکرم حافظ نور الٰہی صاحب ولد مکرم حافظ محمد عارف صاحب صرف چند یوم بیمار رہ کر ہر طرح کے علاج معالجہ اور چارہ سازی کے باوجود اللہ تعالیٰ کی رضا کی جنتوں کی طرف اڑان بھر گئے۔ اس طرح ہم نے دور درویشی کے پانچویں ماہ ایک درویش کو بہشتی مقبرہ کی مقدس زمین میں سلا دیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بلند درجات سے نوازے اور آپ کی اولاد کو اپنی رضا کی راہوں پر چلائے اور ان کا مستقبل روشن اور تابناک بنائے۔

مکرم حافظ نور الٰہی صاحب نے درویشی میں وفات یافتگان میں اول نمبر حاصل کیا اور پھر ماہ مئی 1949ء میں مکرم بابا شیر محمد صاحب ولد دتہ خان صاحب نے دوسرا اور پھر ایک نوخیز نوجوان عزیز سلطان احمد صاحب ولد محمد بخش صاحب نے تیسرا۔ آپ نہایت خوب رو نوجوان تھے۔ والدین نے شادی سے قبل ہی خدمت مرکز کے لئے قادیان بھجوا دیا تھا۔ ابتداء درویشی میں عبادات کی کثرت تہجد کے التزام کے ساتھ ساتھ نفلی روزے بھی درویشان کثرت سے رکھتے تھے۔ عموماً ایک ہفتہ میں دو نفلی روزے رکھنا تو گویا ایک معمول کی حد تک رائج تھا۔ اس سال رمضان کے روزے ماہ جولائی میں آئے تھے اور اگست کے پہلے ہفتہ میں ماہ شوال کے چھ روزے بھی رکھے تھے اور پھر 27 اگست 1949ء کو نفلی روزہ رکھا ہوا تھا اور اس روز سخت گرمی بھی تھی۔ روزہ افطار کرتے ہوئے پانی زیادہ پیا گیا جو پیٹ درد کا باعث بنا۔ ہر ممکن کوشش علاج معالجہ کے لئے کی گئی مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ مورخہ 28 اور 29 اگست کی درمیانی رات نصف شب کے بعد اس عزیز نے جان شیریں جاں آفریں کے سپرد کر دی۔ اس طرح اس عزیز نے خدا تعالیٰ کے حضور حاضر ہونے والوں میں تیسرا نمبر حاصل کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے حضور بلند درجات سے نوازے۔ پانچویں درویش مکرم مجید احمد صاحب ڈرائیور ہوئے۔ چوتھے نمبر پر مکرم مولوی اللہ بخش صاحب تھے جنہیں بغرض تربیت یوپی کی ایک جماعت انبیٹھ میں متعین کیا گیا تھا۔ آپ نے دیکھا کہ ایک تالاب میں دو کمسن بچے ڈوب رہے ہیں اور چند لوگ کنارے پر کھڑے شور مچا رہے ہیں بچاؤ بچاؤ۔ مولوی صاحب یہ نظارہ دیکھ کر بچوں کو بچانے کے لئے تالاب میں کود پڑے اور بچوں کو بچا لیا۔ مگر خود اپنے آپ کو نہ بچا سکے اور ڈوب کر رضائے الٰہی کو پا لیا۔ آپ کا مزار موضع انبیٹھ میں بنا۔ یہ سب درویشان موصی تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں حضرت اقدس مسیح موعود کی دعائیں جو آپ نے وصیت کرنے والوں اور بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے والوں کے لئے کیں کا وارث بنائے۔ آمین

الحمد للہ کہ تمام درویشان کرام نے الا ماشاء اللہ وصیت کے مبارک نظام میں حصہ لیا ہے۔ اس طرح ان کی ازواج نے بھی بڑھ چڑھ کر اس مبارک نظام میں شمولیت اختیار کی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے 1994ء میں بہشتی مقبرہ میں درویشان کرام کے لئے الگ سے قطعہ مخصوص کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کی نہایت نامساعد حالات میں دی گئی ان قربانیوں کو اپنے فضل سے قبول فرمائے۔ آمین

بیرونی چاردیواری

بہشتی مقبرہ کے گرداگرد کوئی دیوار نہیں تھی۔ صرف مزار مبارک سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود اور خاندان کے گرد چھوٹی چاردیواری جو اب بھی موجود ہے تھی۔ بہشتی مقبرہ کے تحفظ کی خاطر نومبر 47ء میں ہی حفاظتی دیوار بنانا شروع کی گئی۔ یہ حفاظتی دیوار جنوب کی طرف سے شروع کی گئی۔ جنوبی دیوار کی موٹائی 5 فٹ اور اونچائی بہشتی مقبرہ کی اندر کی طرف 6 فٹ اور باہر کی طرف سے ساڑھے آٹھ فٹ تھی کیونکہ بہشتی مقبرہ کا بیرونی حصہ اندرون کی نسبت نشیبی تھا۔ اس طرح پھر جب مشرقی جانب کی دیوار بنانا شروع کی چونکہ مٹی دور سے لانا پڑتی تھی۔ اس کی موٹائی 2 فٹ تھی اور اونچائی اتنی ہی رکھی گئی۔ مغربی جانب کی دیوار کو سیدنا حضرت مسیح موعود کے مکان سے جو بڑے باغ سے ملحق ہے کے ساتھ ملا دیا گیا۔ اس کی موٹائی بھی دو فٹ اور اونچائی باقی دیواروں کے برابر ہی رکھی گئی تھی۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق ان دیواروں کے بنانے میں 6 لاکھ کیوبک فٹ مٹی استعمال ہوئی۔ اس کے لئے مٹی جنوبی کھیتوں سے بلا معاوضہ کھود کر حاصل کی گئی اور یہ سارا کام درویشوں نے ایک پیسہ خرچ کئے بغیر صرف اپنی محنت سے انجام دیا تھا۔ نیز دیوار کے جنوب مشرقی اور جنوب مغربی کونوں پر ایک ایک دو منزلہ کمرہ بھی تعمیر کئے گئے۔ جس میں پہرہ دار درویشان رہائش رکھتے تھے اور ان کی چھتوں پر رات کو پہرہ دے کر نگرانی کا فرض ادا کرتے تھے۔ بہشتی مقبرہ کو اندر جانے کے لئے گیٹ کی مشرقی دیوار میں اب بھی نشان موجود ہے۔ یہ گیٹ درویشی سے قبل موجود تھا۔ دیوار نہیں تھی۔ دیوار کی جگہ تھوہر کی باڑ لگی ہوئی تھی۔ دیوار کی تکمیل کے بعد آجکل جہاں نذیر احمد صاحب ٹیلر کا مکان ہے اس کے سامنے بہشتی مقبرہ میں داخل ہونے کے لئے ایک راستہ بنایا گیا تھا۔ یہ رستہ مغرب کی طرف آ کر اور گھوم کر فوارہ والی جگہ تک آتا تھا۔

مزار مبارک والی چاردیواری کے شمال مشرقی کونہ پر بھی ایک دو منزلہ کمرہ برائے پہرے داران تعمیر کیا گیا تھا۔ باقی حصہ بڑے باغ کی طرف کھلا تھا۔ ادھر سے ہر وقت آمد و رفت ہو سکتی تھی۔ اس طرف سے متعدد ہندوؤں نے دخل اندازی کی کئی دفعہ کوشش کی جو وقت پر ضروری اقدام کر کے ناکام بنا دی گئی۔ کم و بیش 15 سال گزر جانے کے بعد یہ کچی دیوار بارشوں کی کثرت کی وجہ سے جگہ جگہ سے ٹوٹنا شروع ہو گئی تھی۔ اس پر صدر انجمن احمدیہ نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی اجازت سے جماعت میں تحریک کر کے پختہ چاردیواری بنانے کا پروگرام بنایا اور قریب 10 سال میں موجودہ چاردیواری کی تکمیل پذیر ہوئی۔ اس میں تمام درویشوں نے حسب توفیق چندہ دیا لیکن بابا خدا بخش ولد میاں گاگو صاحب نے اپنی ساری زندگی کی کمائی اس آمد میں دے دی۔ انہوں نے یہ رقم 47ء سے قبل تھوڑی تھوڑی کر کے حج پر جانے کے لئے جمع کی تھی لیکن وہ جا نہ سکے۔ آخری عمر میں کمزور ہو گئے تھے۔ اس لئے اپنی پوری جمع شدہ پونجی چاردیواری کے لئے پیش کر دی۔

نیا باغ

باغ جنازہ گاہ کے گرداگرد اور جنوب کی طرف سیدنا حضرت مسیح موعود کے باغ کی سیدھ تک آموں کا پرانا باغ عرصہ سے موجود تھا اور اس کے درخت اپنی عمر پوری کر چکے تھے۔ محض برائے نام ہی پھل لگتا تھا۔ اس لئے اس باغ کو کاٹ کر زمانہ درویشی میں نیا قلمی آموں کا باغ لگایا گیا جو خدا کے فضل سے اب پھل دے رہا ہے۔ بہشتی مقبرہ کے اندر حصہ قبور میں بھی آم، امرود اور کچنار وغیرہ کے پھلدار درخت موجود تھے۔ ان درختوں کی وجہ سے ان کی جڑیں قبروں کے نیچے پھیل جاتیں اور کتبہ جات گرنے لگے تھے۔ اس لئے ان درختوں کو بھی کٹوا دیا گیا۔ حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی 11 مئی 48ء کو قادیان آئے اور آپ کے آنے کے بعد جب آپ کے داماد مرزا برکت علی صاحب جو اوورسیئر تھے اور ایران میں ملازمت کرتے تھے، قادیان آئے۔ ان کی آمد پر قادیان کے مقامات مقدسہ کے نقشہ جات اور ان کے زمین دوز نشانات لگائے گئے تو اس وقت حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی نے یہ پوائنٹ اٹھایا کہ جنازہ گاہ اور ظہور قدرت ثانیہ کی نشاندہی ہونی چاہئے تو انہوں نے خود اس کی تعیین کی اور دیگر رفقاء نے بھی اس کی تصدیق کی تو اس کو موجودہ صورت میں بنا دیا گیا۔ اس کے لئے حضرت بھائی جی نے خود تعمیر میں بڑا حصہ ڈالا اور بعض درویشان بھی اس میں شامل ہوئے۔

بہشتی مقبرہ میں پانی وغیرہ کی فراہمی کے لئے ایک کنواں ابتداء سے ہی بنوایا گیا تھا اس میں بیل جوت کر پانی حاصل کیا جاتا تھا بہشتی مقبرہ کی کچی چاردیواری کے لئے بھی اسی طرح پانی حاصل کیا گیا۔ بعد میں جب بجلی کی فراوانی ہو گئی تو اسی کنویں میں ٹیوب ویل لگایا اور ٹینکی بنوائی گئی اور اس کی خوبصورتی کے لئے ایک فوارہ مکرم رحمت اللہ خان صاحب (صدر جماعت دہلی) نے تحفۃً پیش کیا۔ اس ٹینکی اور فوارے کی تنصیب کے ساتھ ساتھ بہشتی مقبرہ میں جانے کا رستہ جو پہلے نذیر صاحب ٹیلر کے رہائشی مکان کے شمالی کونے کے سامنے اندر جانے کے لئے بنایا گیا تھا اسے تبدیل کر کے موجودہ شکل بنائی گئی۔ اب یہ رستہ محلہ ناصر آباد کی بیت سے آنے والی گلی کے سامنے سیدھا جنازہ گاہ تک جاتا ہے۔ داخلے کے لئے خوبصورت گیٹ بنایا گیا ہے اور درمیان میں ایک چوک کی شکل میں موڑ دے کر مزار مبارک تک لے جایا گیا۔ اسی رستہ کے درمیان میں بہشتی مقبرہ کی حدود میں داخل ہوتے ہی فوارہ لگا ہوا ہے۔

اندرونی چاردیواری

1934ء تک بہشتی مقبرہ میں چھوٹی چاردیواری

باقی صفحہ 4 پر

آر۔ایس۔بھٹی

خواب اور نیند کے مراحل

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

”جو لوگ اللہ پر ایمان لاتے ہیں۔ اور پھر استقامت اختیار کرتے ہیں فرشتے ان کو بشارت کے الہامات سناتے رہتے ہیں۔ اور ان کو تسلی دیتے رہتے ہیں جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ماں کو بذریعہ الہام تسلی دی گئی۔ لیکن قرآن ظاہر کر رہا ہے کہ اس قسم کے الہامات یا خوابیں عام مومنوں کے لئے ایک روحانی نعمت ہے خواہ وہ مرد ہوں یا عورت ہوں۔“

(ضرورۃ الامام۔ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 473)

مذاہب میں خوابوں کو ہمیشہ سے اہم مقام حاصل رہا ہے ذیل میں خوابوں کے متعلق کچھ سائنسی نظریات دیئے جا رہے ہیں آیئے دیکھتے ہیں کہ سائنس خوابوں کو کس طرح دیکھتی ہے یا کس طرح کے خواب دیکھتی ہے۔

جب ہم سوتے ہیں تو ہم نیند کے پانچ مختلف مراحل سے گزرتے ہیں۔ پہلے مرحلے پر نیند بہت ہلکی ہوتی ہے اور اس مرحلے سے آنکھ بہت آسانی سے کھل سکتی ہے۔ دوسرے مرحلے پر نیند ہلکی سی گہری ہو جاتی ہے۔ جبکہ تیسرے اور چوتھے مرحلے پر ہم گہری ترین نیند سے گزرتے ہیں۔ ان مراحل کے دوران ہمارے دماغ کی سرگرمیوں میں کمی ہوتی جاتی ہے۔ لہذا گہری نیند میں سوائے ہلکی delta brain waves یعنی ہلکی ترین دماغی لہروں کے ہم اور کچھ بھی محسوس نہیں کرتے۔

یہاں چلتے چلتے ہم تھوڑی سی دماغ کی ان لہروں کا تعارف بھی کرواتے جاتے ہیں جو چار قسموں میں تقسیم کی گئی ہیں (ڈیلٹا، تھیٹا، الفا اور بیٹا)۔ ان میں سے سب سے ہلکی رفتار کی لہریں ڈیلٹا ویوز ہیں جن کی رفتار صفر سے چار سائیکل فی سیکنڈ ہے۔ جو کہ گہری ترین نیند میں ہوتی ہیں۔ تھیٹا ویوز کی رفتار 4 سے 7 ہے جو کہ نیند کے سب سے پہلے مرحلے میں ہوتی ہیں۔ اور الفا ویوز جن کی رفتار 8 سے 13 ہے وہ عام طور پر نیند کے دوران ہوتی ہے جس کا آگے ذکر آئے گا۔ جبکہ بیٹا ویوز صرف بہت زیادہ ذہنی دباؤ کی حالت میں یا بہت زیادہ دماغی توجہ کے کام کے نتیجہ میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ اور ان کی رفتار 13 تا 40 ہوتی ہے۔

سونے کے تقریباً نوے منٹ بعد اور چوتھے مرحلے کے بعد REM نیند شروع ہو جاتی ہے REM یعنی (Rapid eye movement) 1953ء میں شکاگو یونیورسٹی کے فزیالوجی کے ایک گریجویٹ طالبعلم (Eugene Aserisky) اور ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین (Nathaniel Kleitman.PhD) نے دریافت کیں۔

REM نیند آنکھوں کی حرکت سے پہچانی جاتی ہے اور یہ نیند کا پانچواں مرحلہ ہوتا ہے۔

REM کے دوران بہت سی جسمانی تبدیلیاں بھی ہوتی ہیں۔ دل کی رفتار، اور سانس تیز ہو جاتی ہے اور بلڈ پریشر بھی بڑھ جاتا ہے۔ اسی طرح ہم اپنے جسم کے درجہ حرارت کو بھی معمول پر نہیں رکھ سکتے اور ہمارے دماغ سے لہریں نکلنے کی رفتار الفا (Alpha) یا اس سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے یہاں تک کہ ہماری آنکھ کھل جائے۔ جبکہ باقی جسم مفلوج حالت میں ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ ہم REM نیند سے نکل آئیں۔ یہ فالجی کیفیت دماغ میں سے گلائےسین، جو ایک امائینو ایسڈ ہے، کے نکلنے سے ہوتا ہے جو دماغ سے موٹو نیوران (Motoneuron) پر جاتا ہے۔ یہ وہ نیوران ہے جو دماغ یا سپائیرل کارڈ سے لہروں کو باہر لے کر جاتا ہے۔

REM چونکہ ایسی نیند ہے جس میں زیادہ تر خوابیں آتی ہیں۔ اس لئے یہ فالجی کیفیت ایک قدرتی طریقہ ہو سکتا ہے جس کی وجہ سے ہم یقینی طور پر اپنی خوابوں کے دوران کوئی بیرونی حرکت سے بچے رہتے ہیں۔ ورنہ بہت ممکن تھا کہ اگر آپ خواب میں کرکٹ کھیل رہے ہوں تو اردگرد بیٹھے ہوئے لوگ آپ کی ان حرکات کو دیکھ کر محظوظ ہو رہے ہوتے جبکہ آپ خواب دیکھتے ہوئے حقیقت میں بھی ٹانگیں چلا رہے ہوں۔

REM نیند کے علاوہ باقی چاروں مراحل Non-REM Sleep کہلاتے ہیں۔ اگرچہ زیادہ تر خوابیں REM کے دوران ہی آتی ہیں تاہم جدید تحقیق نے یہ ثابت کیا ہے کہ خواب نیند کے کسی بھی مرحلے پر آ سکتی ہے۔ لیکن باقی مراحل پر آنے والی خوابوں میں ویسی شدت نہیں ہوتی جو کہ REM نیند کے دوران ہوتی ہے۔ پوری رات کے دوران ہم ان پانچ مراحل سے متعدد مرتبہ گزرتے ہیں۔

اگر گہری نیند نہ آئے تو کیا ہو؟

ابتدا میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ اگر (REM) گہری نیند نہ آئے تو اس کا صرف یہ مطلب ہے کہ کوئی خواب نہیں آئے گی۔ لیکن بعد کی تحقیقات سے پتہ چلا کہ اگر ہر مرتبہ (REM) سے پہلے جگا دیا جائے تو کچھ نفسیاتی تبدیلیاں بھی ہوتی ہیں مثلاً غصہ، بے چینی، توجہ مرکوز کرنے میں مشکل کا سامنا، وغیرہ۔ مزید یہ کہ بھوک میں اضافہ بھی مشاہدہ کیا گیا۔

ایک تحقیق میں اس (REM Sleep) کا تعلق یادداشت کی کمزوری کے ساتھ بھی باندھنے کی کوششیں ہوئیں لیکن اسے مسترد کر دیا گیا۔ اور اس کی وجہ ایک ایسا شخص بنا جو کہ ایک دماغی چوٹ کے نتیجہ میں REM sleep سے محروم ہو گیا تھا لیکن اس نے اپنی قانون کی تعلیم مکمل کی اور اسے کبھی بھی روزمرہ زندگی میں کوئی مسئلہ اس سلسلے میں پیش نہ آیا۔

اب ایک نئی تحقیق REM Sleep نیند اور سیکھنے کی قوت میں تعلق باندھنا چاہ رہی ہے۔ Learning اور REM sleep کا تعلق بہت مضبوط دکھائی دیتا ہے کیونکہ بچوں میں REM نیند زیادہ ہوتی ہے۔

خوابوں کا یاد رکھنا

کہا جاتا ہے کہ خواب ختم ہونے کے پانچ منٹ بعد پچاس فیصد بھول جاتا ہے۔ اور دس منٹ کے بعد نوے فیصد بھول جاتا ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے جبکہ ہم اپنی روزمرہ کے حرکات وسکنات اتنی جلدی نہیں بھولتے۔ حقیقت یہی ہے کہ ہمارے لئے ان کو یاد رکھنا مشکل ہے جس کی وجہ سے اس کی اہمیت کم ہو جاتی ہے۔

اس سلسلے بہت سے طریق آپ کو کتابوں اور انٹرنیٹ پر ملیں گے۔ ہم کچھ آسان اور عام فہم طریقوں کو مختصراً تحریر کر رہے ہیں۔

1۔ جب آپ سونے لگیں تو خود کو مخاطب کر کے کہیں کہ ’مجھے اپنی خوابیں یاد رکھنی ہیں‘

2۔ اپنی گھڑی پر ہر ایک سے ڈیڑھ گھنٹے کے بعد کا الارم لگائیں۔ اس سے آپ جب بھی REM sleep نیند میں جائیں گے تو آپ کی آنکھیں کھل جائیں گی۔ لہٰذا آپ کو اپنی خواب یاد رہے گی۔

یا پھر سونے سے پہلے زیادہ پانی پی لیں تا کہ آپ کی کم از کم ایک مرتبہ آدھی رات کو آنکھ کھل جائے۔

3۔ اپنے سرہانے کے قریب کاغذ، پنسل رکھیں۔

4۔ جب سو کر اٹھیں تو آہستگی کے ساتھ خوابیدہ حالت میں اٹھیں تا کہ آپ کی خواب ضائع نہ ہو جائے۔

کچھ ذاتی تاثرات

یہ سب کچھ سائنسی نظریات اور تھیوریز ہیں۔ سائنس ہمیشہ سے مادی ذرائع کی محتاج رہی اور آج تک سہولیات کے بڑھنے کے ساتھ نئے نظریات، پرانے نظریات کی جگہ لیتے آئے ہیں۔

اب اسی خیال کو اگر لیں جو اوپر بیان کیا گیا ہے کہ نیند کے تیسرے اور چوتھے مرحلے میں یا تو خوابیں آتی نہیں اگر آئیں تو یہ خوابیں زیادہ واضح نہیں ہوتی۔ جبکہ ہمارے روزمرہ کے تجربات اس کے برعکس ہیں بعض اوقات صرف آدھے گھنٹہ کی نیند کے دوران ہی کوئی بہت ہی صاف اور واضح خواب آ جاتی ہے۔

حضرت بانی سلسلہ فرماتے ہیں۔

”میں جب اشتہار کو ختم کر چکا شائد دو تین سطریں باقی تھیں تو خواب نے میرے پر زور کیا یہاں تک کہ میں بجبوری کاغذ کو ہاتھ سے چھوڑ کر سو گیا تو خواب میں مولوی محمد حسین بٹالوی اور مولوی عبداللہ صاحب چکڑالوی نظر کے سامنے آ گئے۔“

(ریویو بر مباحثہ بٹالوی و چکڑالوی۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 209)

اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اقدس کی کچھ دیر کو آنکھ لگی اور نہایت واضح خواب نظر آیا۔ بہرحال سائنس اور مذہب کا جب بھی اور جہاں بھی ٹکراؤ ہوا ہمیشہ سائنس نے خود کو revise کیا۔

اور جہاں تک خوابوں کے یاد رکھنے کا تعلق ہے تو یہ بھی ہمارے لئے کوئی پریشان کن صورت نہیں کیونکہ جو خواب خدا کی طرف سے ہو وہ عام طور پر یاد رہتا ہے۔ اور اگر بھول بھی جائے تو اپنے وقت پر ضرور یاد آ جاتا ہے۔ اور خدا کی طرف سے خواب ہو وہ ضرور اپنے ساتھ واضح علامات رکھتا ہے۔ جبکہ روزمرہ کے خیالی خواب اگر یاد بھی رہیں تو اس سے کسی شخص کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے؟

(بقیہ صفحہ 3)

بھی نہیں تھی البتہ پہرہ دینے کے لئے قطعہ 3 کے مغربی جانب ایک کمرہ موجود تھا جس میں پہرہ داران ہر وقت پہرہ پر حاضر رہتے۔ جب احرار نے اس وقت اس قسم کے اعلانات کئے کہ ہم قادیان کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے، بہشتی مقبرہ کی بے حرمتی کریں گے۔ اس وقت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر چھوٹی چاردیواری (مزار مبارک والی) بنائی گئی جس میں حضور اقدس اور خاندان کے افراد شامل کئے گئے۔ بعد میں 1944ء میں جب حضرت سیدہ مریم بیگم صاحبہ (ام طاہر) کی وفات ہوئی اور حضرت مصلح موعود ان کے مزار پر 40 دن لگاتار دعا کے لئے جاتے رہے تو آپ نے محسوس کیا کہ حضرت مولوی عبدالکریم سیالکوٹی جو بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے والے پہلے فرد تھے کی قبر اس چھوٹی چاردیواری کے باہر ہے تب حضور نے اس چاردیواری کی توسیع کا ارشاد فرمایا کہ اس حد تک توسیع کی جائے کہ حضرت مولوی صاحب کی قبر جس قطعہ میں ہے وہ چاردیواری میں آ جائے۔ اس وقت توسیع کی گئی تو 2/3 حصہ مزید شامل کیا گیا جو اس وقت سے اب تک اسی صورت پر قائم ہے۔

بہشتی مقبرہ میں دسمبر 2004ء تک 1625 سے زائد قبریں اور 1130 سے زائد یادگاری کتبہ جات نصب ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کے دور خلافت میں سن 1990ء کے قریب جنوب مغربی جانب مزید توسیع کی گئی اس وقت کل ایریا باغ اور قبرستان کا 16 ایکڑ ہے۔ حصہ قبور ساڑھے چار ایکڑ ہے اور باغ کا ایریا ساڑھے گیارہ ایکڑ ہے۔ چاردیواری کا گیٹ بند رہتا ہے اور ضرورت پڑنے پر ہی کھولا جاتا ہے اور چوبیس گھنٹے پہرہ رہتا ہے۔ سال بھر قبروں اور بہشتی مقبرہ کی زیبائش و تزئین کا انتظام کیا جاتا ہے اور دنیا بھر سے لوگ سارا سال زیارت کے لئے تشریف لاتے رہتے ہیں۔

چند مشہور سائنسدان

دیمتری آئی وانووچ مینڈ یلیو

1834ءتا 1907ء

سات فروری 1834ء کو سائبیریا میں توبولسک کے ویران مقام پر، ایک ہائی سکول کے ڈائریکٹر کی بیوی کے ہاں، سترہواں اور آخری بچہ پیدا ہوا۔ اس بچے کا نام، دیمتری آئی وانووچ مینڈ یلیو رکھا گیا۔ اس کی پیدائش سے سینتالیس برس قبل اس کے دادا نے، جو پیٹر اعظم کی روس کو مغربی رنگ میں رنگنے کے لئے بنوائی سڑک پر سفر کرتا ہوا سائبیریا پہنچ گیا تھا سائبیریا کا پہلا اخبار شائع کیا۔ دیمتری کی پیدائش کے کچھ عرصہ بعد ہی اس کا باپ تپ دق سے مرگیا۔ بچے کی دیکھ بھال اب ماں کی ذمہ داری تھی۔ اس کا شروع ہی سے سائنس کی طرف رجحان تھا چنانچہ اس کی ماں نے فیصلہ کرلیا کہ اس کا بیٹا سائنس کی تعلیم حاصل کرے گا۔

عملی زندگی میں آنے کے بعد کیمسٹری کی ترقی کے ساتھ ساتھ مینڈ یلیو کے بنائے ہوئے چارٹ میں تبدیلیاں نمودار ہوتی گئیں۔ انیسویں صدی عیسوی کے اواخر میں چھ نئے عناصر دریافت ہوئے جن کے لئے چارٹ میں کوئی جگہ مقرر نہیں کی گئی تھی۔ مینڈ یلیو کے زمانے میں کسی نے ان کے بارے میں نہیں سنا تھا۔ یہ تمام عناصر گیسوں پر مشتمل تھے اور کیمیاوی طور پر اس قدر مطمئن کن تھے کہ ایٹمی حالت میں وہ باقی عناصر سے الگ تھلگ رہتے تھے۔ اپنی کیمیاوی غیر فعالی کی وجہ سے یہ سست گیسیں کہلائیں۔ ان میں ہیلیم، نیون، آرگون، کرپٹون، زینون اور ریڈون شامل ہیں اور دوری چارٹ میں ان کے لئے خصوصی کالم مقرر ہوا ہے۔ 1912ء میں ایک روشن دماغ نوجوان انگریز ہنری موزلے نے بہت سے عناصر کے مرکزوں میں مثبت برقی رووٴں کی نشاندہی کی۔ اس کے بعد اس نے عناصر کو ان کے ایٹمی اعداد کے مطابق ترتیب دیا۔ یہ اعداد ایٹمی اوزان پر نہیں بلکہ ہر عنصر میں پروٹون کی تعداد پر مبنی تھے کیونکہ عناصر کے مرکزوں میں مثبت برقی رووٴں کا انحصار پروٹون پر ہی ہے۔ پھر موزلی نے ایک نیا کلیہ دوریت پیش کیا جس کے مطابق ''عناصر کے خواص ان کے ایٹمی اعداد کے دوری تفاعل ہیں''، لیکن چارٹ اور اس کلئے کا اولین تصور مینڈ یلیو کا ہی کمال سمجھا جاتا ہے کیونکہ اسی نے تمام دنیا کے کیمیا دانوں کو نئے عناصر کی تلاش کی ترغیب دی تھی۔

آگسٹ وائسمان

1834ءتا 1914ء

وائسمان 17 جنوری 1834ء کو جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں پیدا ہوا تھا۔ دوسال قبل ہی اس شہر کے ایک باسی، عظیم شاعر گوئٹے کا انتقال ہوا تھا۔ وائسمان کے ماں باپ نے جو اچھے ادب، موسیقی اور فن کے رسیا تھے اس کی پرورش پڑھنے لکھنے کے ماحول میں کی۔ یہ لڑکا جو نرم خو، محنتی اور فطرتاً متجسس تھا، بڑے شوق سے مقامی موجوداتی عجائب گھر جایا کرتا تھا لیکن مرتبانوں میں مردہ جانوروں کے نمونے دیکھ کر اس کو تسلی نہیں ہوتی تھی اس لئے اس نے گاؤں میں زندگی کا مطالعہ کیا اور پودوں اور جانوروں کا اپنا ذخیرہ جمع کیا۔ پھولوں کو کھلتے اور اپنے ہی اکٹھے کئے ہوئے کویوں میں سے خوبصورت تتلیاں نکلتے دیکھ کر وہ مسحور ہوجاتا تھا۔

1868ء اور 1878ء کے درمیانی وقفے میں وائسمان نے ان تغیرات کے بارے میں کئی مقالے لکھے جو بے ریڑھ حیوانات کی مختلف انواع میں پائے جاتے ہیں لیکن اس اہم سوال کا کوئی جواب نہیں مل سکا کہ آخر والدین اپنی تغیر پذیر خصوصیات اپنی اولاد میں کیسے منتقل کرتے ہیں۔ یک خلوی نامیاتی اجسام مثلاً امیبا کے غیر جنسی تناسل پر غور کرنے کے دوران وائسمان نے احتمال حیات جاودانی کا تصور قائم کیا۔ انشقاق کے تحت یک خلوی پروٹوزون تقسیم ہوکر بالکل اپنے جیسی دوہستیاں پیدا کرتا ہے۔ اس فردیا ہستی کا تسلسل لامتناہی ہے۔ ان خلیوں کے منبع کی موت کے بغیر یہ سلسلہ نسل درنسل چلتا ہے لیکن ان نامیاتی اجسام میں یہ تسلسل کیسے رہتا ہے جن کا تناسل جنسی ہوتا ہے۔ وائسمان نے کثیر الخلایا جانوروں کو دو اقسام میں منقسم کیا جسم مایہ یا جسمانی خلیوں کا مادہ اور جرثومہ مایہ یا تناسلی خلیوں کا مادہ۔ پھر اس نے یہ دلیل پیش کی کہ جنین کے جنسی خلیوں میں جو تناسلی غدود کا جرمی خلیہ بناتے ہیں، آنے والی نسل کو ورثہ میں ملنے والی تمام خصوصیات موجود ہوتی ہیں۔ جسم مایہ آخر کار جسم نامی کے ساتھ فنا ہوجاتا ہے جبکہ جرمی مایہ زواجوں یا پختگی کو پہنچے ہوئے جنسی خلیوں کے ذریعے اپنی نسل کی افزائش کرتا ہے۔ یہ جنسی خلیے باروری کے عمل میں مل کر نئی نسل کو جنم دیتے ہیں۔

وائسمان نے 1904ء میں اپنی آخری کتاب ''نظریہ ارتقاء'' لکھی۔ وہ ہیوگوڈی ورائیز کی ''نظریہ قطع اعضاء'' کی نتیجہ خیزی کا صحیح اندازہ نہیں لگا سکا۔ یہ کتاب تقریباً چار برس قبل شائع ہوئی تھی۔ اس ولندیزی ماہر نباتات کا یہ دعویٰ تو درست تھا کہ قطع اعضاء اس قابل تغیر مادے کا باعث بنتی ہیں جس پر انتخاب فطرت کام کرتا ہے لیکن وہ یہ سمجھنے میں ناکام رہا کہ یونہی بلاوجہ اعضاء قطع کرنے سے ارتقاء عمل میں نہیں آسکتا۔

رابرٹ کوخ

1843ءتا 1901ء

رابرٹ کوخ 1843ء میں کلاؤستال جرمنی میں پیدا ہوا۔ 1876ء میں اس نے اینتھراکس بیسیلس کے جراثیم خالص حالت میں دریافت کئے اور 1882ء میں تپ دق کے جراثیم الگ کئے۔ عام طور پر گھروں میں پائے جانے والے انسائیکلوپیڈیا میں بس اتنا ہی لکھا ہوتا ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ اتنی معمولی اور مختصر تحریر کوخ جیسے انسان اور اس جیسے سائنسدان کے ساتھ انصاف نہیں کرتی۔ پال ڈی کروف اپنی کتاب ''جراثیم کے شکاری'' میں کوخ کے بارے میں لکھتا ہے کہ ''یہ وہ شخص ہے جس نے صحیح معنوں میں ثابت کیا کہ جراثیم ہمارے سب سے زیادہ خطرناک دشمن ہیں اور جس نے جراثیم کی تلاش کو سائنس قرار دیئے جانے میں مدد دی۔ وہ ایک ایسا شخص ہے جو اب کسی دور دراز سنہری زمانے کا تقریباً بھولا بسرا سردار معلوم ہوتا ہے۔'' دوسرے مصنفوں اور سائنسدانوں نے بھی اس جرمن ڈاکٹر کی تعریف وتوصیف میں تقریباً اسی قسم کے الفاظ کہے ہیں۔ جراثیم پر تحقیقات میں اس کی پیش قدمی دنیا کے لئے بہت اہم ہے۔

جانوروں میں کاربنکل کے پھیلاؤ کے تجربات کرنے کے بعد اس نے یہ تحقیق شروع کردی کہ انسانوں میں تپ دق کی بیماری کیسے پھیلتی ہے۔ اس کو شبہ تھا کہ جراثیم سانس کے ساتھ ساتھ اندر جاتے ہیں۔ چنانچہ اس نے بہت سے جانوروں پر دھونکنی کے ذریعے ان زہریلے جراثیم کا چھڑکاؤ کیا۔ یہ سب جانور تپ دق سے مرگئے۔ کوخ کا خود اس بیماری سے محفوظ رہنا معجزے سے کم نہیں تھا۔ نتیجہ پھر ''ایک طرح کے جراثیم۔ ایک بیماری'' کا الاپ تھا۔ 1910ء میں حرکت قلب کے بند ہوجانے سے انتقال کے وقت کوخ کو دنیا کا عظیم ترین سائنسدان تسلیم کیا جاتا تھا۔

ولہلم کونریڈ رانجن

1845ءتا 1923ء

پہلا مسلسل ردعمل 1942ء میں شکاگو میں سٹیگ فیلڈ کے گرینڈ سٹینڈرز کے نیچے نہیں، بلکہ 1895ء میں ایک مسودے کی اشاعت سے شروع ہوا۔ اس مسودے کے ساتھ زندہ انسانی ہاتھ کی تصویریں منسلک تھیں۔ یہ کوئی معمولی فوٹوگرافی نہیں بلکہ گوشت اور عضلات سے عاری ہڈیوں کی تصویر تھی۔ راتوں رات طبیعات کا پچپن سالہ پروفیسر اور وئرز برگ یونیورسٹی کے فزیکل انسٹیٹیوٹ کا ڈائریکٹر ولہم کونریڈ رانجن ایکس رے دریافت کرکے ایک نامور شخصیت بن چکا تھا۔ چند ماہ کے اندر اندر ایکس رے کی صنعت میں بے پناہ ترقی ہوئی۔ طرح طرح کی ایکس رے مشینیں، جن کو آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جا سکے، بن رہی تھیں اور ڈاکٹروں، سائنسدانوں اور فوٹوگرافروں کے ہاتھ فروخت ہورہی تھیں۔

اگر وہ اپنی دریافت کے جملہ حقوق محفوظ کروالیتا تو بڑی آسانی سے لاکھ پتی بن سکتا تھا لیکن اس کو اپنے پیش رو جوزف ہنری کی طرح اس بات پر یقین تھا کہ سائنسی دریافتیں اور ایجادات بنی نوع انسان کی ملکیت ہیں اور ان کے جملہ حقوق محفوظ کروا کے ان پر کسی صورت پہرے نہیں بٹھانے چاہئیں۔ اس نے اپنے ہم پیشہ دوستوں کے ان شعاعوں کو 'رانجن شعاعوں' کا نام دینے کے فیصلے پر بھی شدید ردعمل کا اظہار کیا۔ اس نے 1900ء میں تجرباتی طبیعات کے پروفیسر کی حیثیت سے میونخ کی یونیورسٹی کے شعبہ طبیعات میں شمولیت اختیار کی اور 1920ء یعنی اپنے سبکدوش ہونے تک بڑے امتیاز کے ساتھ ملازمت کی۔ لیکن 1901ء میں جب اس کو انعام ملا تو اس نے یہ تمام انعام یونیورسٹی کو عطیہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد رانجن زیادہ دن زندہ نہیں رہا اور 10 فروری 1923ء کو زندگی کے اٹھہترویں سال میں وفات پا گیا۔

میکس پلانک

1858ءتا 1947ء

پلانک 23/اپریل 1858ء کو جرمنی کے ایک شہر کیل میں پیدا ہوا۔ 1867ء میں اس کا کنبہ میونخ منتقل ہوگیا جہاں اس نے میکسیمیلین جمنیزیم میں ثانوی تعلیم حاصل کی۔ سترہ سال کی عمر میں جمنیزیم سے ثانوی تعلیم کی سند حاصل کرنے کے بعد پلانک نے نظریاتی طبیعات پڑھنے کا فیصلہ کیا۔ یہ ایک ایسی شاخ تھی جس میں ترقی کا امکان نہ ہونے کے برابر تھا۔ پہلے میونخ اور پھر برلن کی یونیورسٹی میں اس کو تجرباتی طبیعات اور ریاضی پڑھنے کے لئے لڈوگ سائڈل، فان جولی، ہیلم ہولز اور گرگوف جیسے اساتذہ نصیب ہوئے۔

1913ء میں کوآنٹم کی قوت اور اختیار کا دائرہ وسیع ہوکر نائلز بوہر کی ایٹم کی توضیح تک جا پہنچا۔ بوہر نے ثابت کیا کہ ایٹم کی ساخت کو طیف بینی کے باقاعدہ علم سے ماخوذ اور مربوط کیا جاسکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب عناصر کو دہکایا جائے تو عنصر میں سے مخصوص روشنی نکلتی ہے۔ ہر عنصر سے نکلی ہوئی روشنی اتنی ہی منفرد ہوتی ہے جیسے کہ انگلیوں کے نشانات۔

1915ء میں رابرٹ اے ملیکان نے آئن سٹائن کی نکالی ہوئی ریاضی کی مساوات اور اس کے ضیا برقی نظریے کو تجربے سے ثابت کیا۔ اس کے بعد اس نے پلانک کے کونسنٹ ایچ کا حساب کتاب لگایا جو پلانک

کے لگائے ہوئے سیاہ جسم کی تابکاری کے تخمینہ کے بالکل برابر بیٹھا۔ مین میخ نکالنے والے سائنسدانوں میں سے کسی کے لئے پلانک کے اس انقلاب انگیز مفروضے سے انکار کی گنجائش نہیں تھی کہ توانائی کا اخراج غیر مسلسل ہوتا ہے۔

پلانک کا یہ کارنامہ ہمیشہ زندہ رہے گا کہ اس نے کھلم کھلا ہٹلر کی بربریت کی مخالفت کی۔ پچھتر برس کی عمر میں اس کی یہ جرات قابل تعریف ہے لیکن 1944ء میں اس کو اپنی مخالفت اور ثابت قدمی کی بڑی بھاری قیمت ادا کرنا پڑی۔ اس کے زندہ رہنے والے اکلوتے بیٹے ارون پلانک کو جس کو اس کے خلاف ہٹلر کے قتل کی سازش کے ایک مقدمہ میں بطور یرغمال رکھا گیا، سزائے موت دے دی گئی۔ ذاتی زندگی کے اس المیہ کے بعد ہوائی حملہ کے دوران اس کا گھر اور انتہائی قیمتی لائبریری بالکل تباہ و برباد ہو گئے اور وہ خود اور اس کی دوسری بیوی مرتے مرتے بچے۔ جنگ ختم ہونے کے بعد جب لوگوں کے ہوش ٹھکانے آئے تو انہوں نے پلانک کے نوے سالہ جشن کا اہتمام کیا، لیکن یہ عزت افزائی اس کی تقدیر میں نہیں تھی کیونکہ 4 اکتوبر 1947ء کو اپنی سالگرہ سے صرف چھ ماہ پہلے اس کا انتقال ہو گیا۔

آئیون پٹروچ پافلوف

1849ء تا 1936ء

پافلوف 1849ء میں ماسکو کے ایک چھوٹے سے گاؤں ریازان میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ ایک غریب راسخ العقیدہ پادری تھا۔ اس نے اپنے بچوں کی بڑے سیدھے سادے طریقے سے پرورش کی اور اس کو پوری امید تھی کہ اس کا بیٹا اس کے نقش قدم پر چل کر پادری بنے گا۔ پافلوف بڑا فطین تھا اور جس کام کا بیڑا اٹھاتا اس میں کمال کو پہنچنے پر مصر رہتا تھا۔ سکول سے فارغ ہو کر اپنے باپ کی خواہش کے احترام میں اس نے ایک مقامی مذہبی درسگاہ میں مذہبی تعلیم حاصل کرنا شروع کر دی۔

1886ء میں سینٹ پیٹرز برگ یونیورسٹی کے فزیالوجی کے شعبہ کی خالی اسامی کے لئے پافلوف کی درخواست سرد مہری سے رد کر کے یہ اسامی اس سے کمتر صلاحیتوں کے مالک استاد کو دے دی گئی، لیکن پافلوف نے اس شکست کو اپنے تحقیقاتی کام پر اثر انداز نہیں ہونے دیا۔ اپنی تجربہ گاہ میں واپسی پر اس نے غیر فعال لاروے اور بیوپے کی بالغ تلی میں کایا پلٹ کے دوران میں عضویاتی تبدیلیوں پر تحقیق شروع کر دی۔

1897ء میں پافلوف نے اس جھوٹ موٹ کے طعام کے نتائج ایک مقالے بعنوان ''انہضامی غدود کا فعل'' میں شائع کئے۔ شگفتہ انداز میں لکھی ہوئی اس تصنیف کے نتیجے میں سب نے بطور تجرباتی فزیالوجسٹ پافلوف کی اعلیٰ صلاحیتوں کا اعتراف کر لیا۔ انہی کمالات کی وجہ سے وہ پہلا روسی تھا جس کو نوبل پرائز ملا۔

پافلوف نے تجربی اضطرار کی اس تکنیک کو نفسیاتی اور امراض کی تحقیق کے لئے استعمال کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس کے خیال میں نفسیاتی عوامل کی خالصتاً عضویاتی توضیح کی جاسکتی تھی۔ اس نظریے کے ثبوت کے طور پر اس نے کتے کے دماغ کا ایک منتخب حصہ کاٹ کر الگ کر دیا۔ اس طرح وہ کسی خاص حیوانی ردعمل کے پیش نہ آنے کا تعلق حیوانی دماغ کے کسی خاص حصے سے ثابت کرسکتا تھا۔ اس کو امید تھی کہ وہ کچھ عرصہ بعد دماغ کا ایک مکمل نقشہ بنالے گا جس میں حرکی اور حسی ردعمل کے عضویاتی مراکز کی نشاندہی ہوگی۔ ان تجربات کی بنیاد پر 1907ء میں پافلوف نے تجربی اضطرار پر اپنے کلاسیکی لیکچر شائع کئے۔ اس نے اس تصنیف میں جن نظریاتی تصورات پر بحث کی ہے، یہ آج بھی دماغ کے فعل کے طالب علم کے لئے دلچسپی کا باعث ہے۔ اس تصنیف نے اعصابی افعال اور حیوانی رویے کی عضویاتی اور نفسیاتی تحقیق کی بنیاد رکھی۔

انطون ہنری بیکرل

1852ء تا 1908ء

بیکرل 15 دسمبر 1852ء میں فرانس کے شہر پیرس میں پیدا ہوا۔ اس کی ابتدائی تعلیم فرنچ ایکول پولی ٹیکنیک میں ہوئی۔ خیال تھا کہ وہ سائنسدان یا انجینئر بنے گا، مزید سائنسی تعلیم کے بعد اس نے حکومت کے پلوں اور سڑکوں کی تعمیر کے محکمہ میں ملازمت کر لی۔ بعد میں اس کی ترقی ہو گئی اور وہ اسی محکمہ میں چیف انجینئر مقرر ہوا۔ اب وہ اپنے باپ دادا کے نقش قدم پر چل رہا تھا جو طبیعات کے ممتاز محقق اور استاد تھے۔

بیکرل نے ایک نئے ولولے سے قدرتی تابکاری پر اپنے تجربات جاری رکھے اور بالآخر وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ اس کی شعاعیں اور بھی بہت سی باتوں میں رانجن کی ایکس ریز سے مشابہ ہیں۔ اس نے دیکھا کہ یہ شعاعیں بھی کسی برقائے گئے جسم کو مثلاً الیکٹروسکوپ یا برق نما کو ڈسچارج کرنے کی مجاز ہیں۔ برق نما ایک ایسا آلہ ہے جو بہت ہی ہلکے مثبت اور منفی باروں کی نشاندہی کرتا ہے۔ مزید تجربات کے بعد اس پر انکشاف ہوا کہ خالص یورینیم میں اس سے بھی زیادہ گہرے تابکاری اثرات مرتب کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ اب بیکرل کی شعاعیں اس حد تک سب کی توجہ کا مرکز بن گئیں کہ بہت سے سائنسدانوں نے قدرتی تابکاری پر تجربات شروع کر دیئے۔ اس کے دو رفقائے کار پیئر اور میری کیوری کو تو اس میدان میں ایسی کامیابی نصیب ہوئی کہ انہوں نے دو نئے تابکار عناصر پولونیم اور ریڈیم دریافت کر لئے۔ 1897ء تک جے جے ٹامس بیکرل کی سال گزشتہ کی دریافت شدہ تابکاریوں میں سے بیٹا شعاع کو الگ کر چکا تھا۔ اس کے بعد ارنسٹ ردر فورڈ اور دوسرے ممتاز سائنسدانوں نے قدرتی طور پر تابکار مادوں سے خارج شدہ تابکاری سے الف شعاعیں یعنی ہیلیم مرکز اور اعلیٰ توانائی کی گیما شعاعیں جو ایکس ریز سے مشابہ ہیں علیحدہ کر لیں۔ بیکرل کی جن تحقیقات نے نئے دروازے کھولے وہ اتنی اہم تھیں کہ 1903ء میں اس کو طبیعات کا نوبل پرائز ملا جس میں پیئر میری کیوری بھی اس کے شریک تھے۔ یہ اعزاز ایٹمی تحقیقات کے لئے کیمسٹری اور فزکس دونوں میں کئی نوبل انعامات کے سلسلے کی پہلی کڑی تھا۔

البرٹ ابراہام مائیکلسن

1852ء تا 1931ء

مائیکلسن 19 دسمبر 1852ء کو پروشیا میں سٹریلنو میں پیدا ہوا۔ یہ جگہ جرمنی اور پولینڈ کی سرحد پر واقع ہے۔ جرمنی اس زمانے میں سیاسی انتشار کا شکار تھا اس لئے ابھی وہ دو برس کا ہی تھا کہ اس کے والدین امریکہ ہجرت کر گئے۔ کم عمری میں ہی سائنس میں اس کی دلچسپی اور صلاحیت ظاہر ہو گئی۔

مائیکلسن کو سماجی اور سیاسی معاملات میں کوئی خاص دلچسپی نہیں تھی۔ لیکن اس کو امریکہ کے فوجی تحفظ کی بہت فکر تھی اور وہ اپنے ملک کی عزت کی خاطر فوراً اعلان جنگ کا حامی تھا۔ بعد میں پہلی جنگ عظیم کے دوران میں مائیکلسن نے دوبارہ امریکہ کی بحری فوج میں شمولیت اختیار کر لی۔ اس کی عمر پینسٹھ برس کے لگ بھگ تھی۔ اس کی صلاحیتوں کو جنگ و جدل میں استعمال کرنے کی بجائے بحریہ نے اس کو بحری افواج کے استعمال کے لئے آلات بنانے کے منصوبے سونپے۔ اس نے بندوقوں کے لئے ایک زدنما ایجاد کیا جو امریکی بحریہ کے لئے ایک معیاری آلہ ثابت ہوا۔

پہلی جنگ عظیم کے اختتام پر مائیکلسن دوبارہ شکاگو یونیورسٹی میں اپنی تحقیقات میں مشغول ہو گیا۔ 1931ء میں اپنے انتقال تک وہ ایک سرگرم محقق رہا۔ 77 برس کی عمر میں اس کو اپنا ایک دیرینہ اور حوصلہ مندانہ منصوبہ پورا کرنے کے لئے پچاس ہزار ڈالر مالیت کی ایک نلکی تیار کی، جس میں سے ہوا پمپ کے ذریعے خارج ہونے کے بعد روشنی کو سفر کرنا تھا۔ اس کی گرتی ہوئی صحت کی وجہ سے زیادہ تر پیمائشیں اس کے معاون پیرسن اور پیز لیتے تھے جبکہ وہ خود بستر پر لیٹا لیٹا ہدایات دیتا رہتا تھا۔

ہتھکڑی۔ سونے کا کنگن

مارٹینو مجسٹریٹ ضلع امرتسر نے (حضرت مسیح موعود) کے نام وارنٹ گرفتاری جاری کیا۔ اسی اثناء میں وہ مقدمہ عدالت گورداسپور میں قانونی بنا پر تبدیل ہو گیا ......آپ کو حالات معلوم ہوئے تو آپ نے فرمایا کہ خدا کی راہ میں ہم ہتھکڑی کو سونے کا کنگن خیال کرتے ہیں۔ خوش ہوتے ہیں اور خوشی سے پہنتے ہیں۔

(الفضل 4 فروری 1999ء)

تعارف کتب

700 احکام خداوندی

نام کتاب: 700 احکام خداوندی
مرتبہ: حنیف احمد محمود
پبلشر: لجنہ اماء اللہ اسلام آباد
سن اشاعت: جولائی 2005ء

قرآن کریم حقائق و معارف کا مجموعہ ہے۔ یہ ایک ایسا سمندر ہے جس کی تہہ میں بڑے بڑے نایاب اور بے بہا گوہر پوشیدہ ہیں جن کے حصول کے لئے غوطہ لگانے کی ضرورت ہوتی ہے اور ہر کوئی اپنے ظرف کے مطابق حصہ پاتا ہے۔ یہ ایک کامل شریعت ہے جو اوامر و نواہی اور احکامات پر مشتمل ہے۔ قرآن کریم کو تدبر اور غور سے پڑھنا اور اس کے احکامات کا علم حاصل کر کے ان پر عمل کرنا ہر مومن کا اولین فرض ہے۔ سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں ''میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو شخص قرآن کے سات سو حکم میں سے ایک چھوٹے سے حکم کو بھی ٹالتا ہے وہ نجات کا دروازہ اپنے ہاتھ سے اپنے پر بند کرتا ہے''۔

حضرت مسیح موعود کے اس ارشاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے زیر تبصرہ کتاب کو مرتب کیا گیا ہے جس میں 700 احکام خداوندی جمع کئے گئے ہیں اور ترجمہ کے ساتھ مکمل حوالہ دیا گیا ہے۔ اصل حکم یا استنباط شدہ حکم کی شاخ کو فروعات اور ذیل میں بیان کیا گیا ہے اور اصل حکم کے تائیدی حوالہ جات کو بھی ضبط تحریر میں لایا گیا ہے تا کہ قاری کو ایک ہی حکم دوسری جگہ تلاش کرنے میں آسانی ہو۔ زیر تبصرہ کتاب میں احکام خداوندی کی تعداد از ارشادات حضرت مسیح موعود اور احکامات قرآن کی اہمیت قرآن کریم، احادیث نبویہ، ارشادات حضرت مسیح موعود و خلفاء احمدیت کی روشنی میں بیان کی گئی ہے اور 50 صفحات پر مشتمل انڈیکس بھی شائع کیا گیا ہے۔ 700 احکامات کے علاوہ یہ کتاب مضامین قرآن کا بہترین انڈیکس بھی ہے۔ اس کتاب کی اشاعت سے جماعت احمدیہ کے علمی لٹریچر میں گراں قدر اضافہ ہوا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ احباب جماعت کو اس سے بھرپور استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔

(ع۔س۔خ)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندراندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 53451 میں جنید نواز

ولد شوکت نواز قوم وڑائچ پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 05-7-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد جنید نواز گواہ شد نمبر 1 شوکت عزیز نواز والد موصی گواہ شد نمبر 2 خالد محمود ولد عبدالرحمٰن

مسل نمبر 53452 میں نصرت باجوہ

زوجہ اعجاز احمد باجوہ قوم باجوہ پیشہ خانہ داری عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 05-6-25 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند -/12000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور 20 تولے اندازاً -/2000 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 05-7-1 سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ نصرت باجوہ گواہ شد نمبر 1 محمد احمد ولد مبشر احمد گواہ شد نمبر 2 اعجاز احمد باجوہ خاوند موصیہ

مسل نمبر 53453 میں کلیم احمد

ولد محمد سلیم احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 05-6-26 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/423 یورو ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ 05-7-1 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد کلیم احمد گواہ شد نمبر 1 محمد سلیم والد موصی گواہ شد نمبر 2 محمد انیس جنجوعہ ولد محمد اسماعیل جنجوعہ

مسل نمبر 53454 میں شبنم طاہرہ

زوجہ رضوان احمد ملک قوم ککے زئی پیشہ خانہ داری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 05-3-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 70 گرام مالیتی اندازاً -/700 یورو۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/25000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/80 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شبنم طاہرہ گواہ شد نمبر 1 مشتاق ملک ولد ملک محمد عظیم مرحوم گواہ شد نمبر 2 محمود احمد ناصر ولد ولی محمد مرحوم

مسل نمبر 53455 میں عطاء الغفور مسلم

ولد چوہدری عبدالغفور قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 05-7-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 یورو ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عطاء الغفور مسلم گواہ شد نمبر 1 شاہد جاوید ولد محمد اسحاق گواہ شد نمبر 2 طارق محمود ولد غلام محی الدین

مسل نمبر 53456 میں مبارکہ بیگم حیات

زوجہ فخر حیات ملک قوم ملک پیشہ خانہ داری عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 05-6-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 2 تولے مالیتی -/300 یورو۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/15000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 05-7-1 سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ مبارکہ بیگم حیات گواہ شد نمبر 1 فخر حیات ملک خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 جاوید اقبال ڈار ولد چوہدری محمد شریف ڈار

مسل نمبر 53457 میں بشیر احمد صابر

